شیزان انٹرنیشنل لمیٹڈ

56۔ بند روڈ، لاہور

اطلاع

یہ نوٹس سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی ہدایت پر شیزان انٹرنیشنل لمیٹڈ کی جانب سے ان حصص یافتگان کے ڈیویڈنڈ روکنے کے لئے دی گئی درخواست کی منظوری کے سلسلے میں شائع کیا جارہا ہے، جنہوں نے اپنے قومی شناختی کارڈ نمبر (CNIC) مہیا نہیں کیے ہیں۔

شیزان انٹرنیشنل لمیٹڈ (کمپنی) نے سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) میں کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن (2) 251 کے تحت ایک درخواست کی ہے کہ کمپنی کے ایسے حصص یافتگان جنہوں نے 2012 (1) SRO 831 بتاریخ **05** جولائی **2012** ہمراہ 2014/(1)SRO19 بتاریخ **10** جنوری **2014** کی ہدایت کے مطابق اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی فراہم نہیں کی ہے، ان کا 30 اکتوبر **2015** اور 30 اکتوبر **2014** کو سالانہ اجلاس عام میں منظور شدہ ڈیویڈنڈ روک لیا جائے۔ ایسے حصص یافتگان کی فہرست (بشمول نام، پتہ، فولیو نمبر اور قابل ادائیگی رقم) **www.shezan.com** پر دستیاب ہے۔ کمپنی نے ان حصص یافتگان کو کمپنی کے ریکارڈ میں موجود ان کے پتہ پر رجسٹرڈ پوسٹ کے ذریعے خطوط بھی ارسال کئے ہیں۔

SECP کی ہدایت پر آپ کو آخری موقع دیا جارہا ہے کہ:

(الف) یا تو آپ اپنے فعال CNIC کی نقل 14 دن کے اندر کمپنی کو فراہم کر دیں، ایسی صورت میں کمپنی آپ کو ڈیویڈنڈ وارنٹ جاری کر دے گی؛ یا

(ب) اس درخواست کے حوالے سے وضاحت پیش کرنے کے لئے اس نوٹس کی اشاعت کے 14 دن کے اندر SECP کے روبرو مندرجہ ذیل پتہ پر حاضر ہوں۔

ایگزیکٹو ڈائریکٹر (کارپوریٹ سپرویژن ڈپارٹمنٹ)

(SECP)، ساتویں منزل، این آئی سی بلڈنگ، 63۔ جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد۔
فون: 4-051-9207091 (ایکسٹینشن: 430) فیکس: 051-9100454

برائے مہربانی یاد رکھیئے کہ آپ ذاتی طور پر یا آپ کا نمائندہ مقررہ مدت کے دوران ایگزیکٹو ڈائریکٹر (کارپوریٹ سپروژن ڈپارٹمنٹ) کے سامنے حاضر نہ ہوا تو ایسی صورت میں کمیشن درخواست پر قانون کے مطابق عمل کرے گا، جس کے نتیجے میں آپ کے ڈیویڈنڈ روکے جا سکتے ہیں۔

فیصل احمد نثار — لاہور:

کمپنی سیکریٹری — **01** اگست **2016**۔